نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

7 ِ مئی 2010ء

برائے فوری اجراء

268/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

پاک فوج کے افسران کا مطالعاتی دورۂ امریکہ

اسلام آباد (7 ِ مئی 2010ء) ___ پاکستان کی نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے 22 فوجی افسران رواں ہفتہ کے دوران ایک ہفتے کے غیر ملکی مطالعاتی دورہ پر امریکہ گئے تاکہ امریکہ اور پاکستان کی افواج کے مابین ابلاغ اور مثبت تعلقات کو فروغ دیا جا سکے۔

یہ تبادلہ پروگرام پاکستان اور امریکہ کے درمیان قریبی تعاون کو بڑھانے کا ایک حصہ ہے جس میں دونوں ممالک کے درمیان امریکی قومی سلامتی کی حکمت عملی اور امریکی شہری و عسکری تعلقات کے فروغ پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

پاکستانی افسران نے دورہ کے دوران متعدد کلیدی امریکی فوجی و سرکاری اداروں کا دورہ کیا جن میں پینٹا گون، امریکی محکمہ خارجہ اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی واشنگٹن ڈی سی، ٹیمپا میں یو ایس سینٹرل کمانڈ اینڈ اسپیشل آپریشنز کمانڈ ہیڈ کوارٹرز، یو ایس جوائنٹ فورسز ہیڈ کوارٹرز، یو ایس نیوی ایکسپیڈیشنری کمبیٹ کمانڈ اور نارفوک میں جوائنٹ ایرریگولر وارفیئر سینٹر شامل تھے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3